Friday, May 25, 2012

اسلام آباد، وفاقی وزیر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام فرزانہ راجہ سیمینار سے خطاب کر رہی ہیں

خواتین کو بااختیار بنانے میں پروگرام کا اہم کردار ہے، فرزانہ

عورتوں کی بہتری کیلئے کسی بھی اقدام میں تعاون کیلئے تیار ہیں، چیئرپرسن بی آئی ایس پی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر و چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) محترمہ فرزانہ راجہ نے کہا ہے کہ بی آئی ایس پی نے اپنے مختلف اقدامات کی بدولت ملک (باقی صفحہ 5بقیہ نمبر 7)

بقیہ نمبر 7 — فرزانہ راجہ

میں خواتین کی سماجی و معاشی بااختیاری اور آزادی کے حوالہ سے اہم پیش رفت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی آئی ایس پی کی مالی معاونت خاندان کی خاتون سربراہ کے ذریعہ دیئے جانے سے خواتین میں حقیقی بااختیاری کا احساس پیدا ہوا اور معاشرے میں ان کے مقام و مرتبہ میں اضافہ ہوا ہے۔ اس امر کا اظہار انہوں نے عورت فاؤنڈیشن کی جانب سے بیواؤں اور تنہا رہنے والی خواتین کے حقوق کے حوالہ سے منعقدہ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا فرزانہ راجہ نے اس موقع پر بی آئی ایس پی کی مختلف سکیموں بشمول وسیلہ حق، وسیلہ روزگار، وسیلہ صحت اور وسیلہ تعلیم سے متعلق تفصیلات پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان اقدامات سے پاکستان بھر میں لاکھوں غریب خاندانوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے اور غربت کے خاتمہ کے ساتھ ساتھ خواتین سے متعلق سماجی و ثقافتی رویوں میں تبدیلی کی جانب پیش رفت ہوئی ہے۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے کہا کہ مستحق خاندانوں کی مالی معاونت سمیت تمام فوائد خواتین کے ذریعہ بہم پہنچائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس کے علاوہ پروگرام نے خواتین کو شناخت دینے میں اہم کردار ادا کیا اور ڈیڑھ کروڑ خواتین نے بی آئی ایس پی کے ساتھ رجسٹرڈ ہونے کی شرط کی تکمیل کے لئے شناختی کارڈ بنوائے۔ انہوں نے کہا کہ بی آئی ایس پی کی جانب سے فاٹا اور بلوچستان سمیت پہلے ملک گیر غربت سروے کا انعقاد کیا گیا اور ان علاقوں میں خواتین نے بھی بڑی تعداد میں قومی شناختی کارڈ بنوائے۔ انہوں نے کہا کہ اس سروے سے ملک کی آبادی کے اقتصادی حالات کا اندازہ کیا جا سکتا ہے اور ان اعداد و شمار کی بدولت سماجی شعبہ میں اقدامات سے متعلق فیصلہ کرنے میں مدد ملے گی۔ محترمہ فرزانہ راجہ نے کہا کہ شفاف اور ٹیکنالوجی کی بنیاد پر اقدامات کی بدولت بی آئی ایس پی کو بین الاقوامی حمایت اور تعاون حاصل ہوا۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کے محروم طبقات کی خدمت کے لئے بی آئی ایس پی ایک غیر سیاسی پروگرام ہے۔ انہوں نے ورکشاپ کے شرکاء کو بتایا کہ بی آئی ایس پی ملک میں خواتین کی بااختیاری کے لئے کام کرنے والے افراد اور اداروں کی جانب سے خواتین کی بہتری کے لئے کسی بھی اقدام کو مشترکہ ذمہ داری کے طور پر شروع کرنے کے لئے تیار ہے۔